میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مسواک کر رہا ہوں اسی درمیان دو آدمی میرے پاس آئے، ان میں سے ایک دوسرے سے بڑا تھا میں نے ان میں سے چھوٹے کو مسواک دے دی، مگر مجھ سے کہا گیا کہ بڑے کو دو چنانچہ میں نے ان میں سے بڑے کو مسواک دے دی

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”میں نے خواب میں دیکھا کہ میں مسواک کر رہا ہوں اسی درمیان دو آدمی میرے پاس آئے ان میں سے ایک دوسرے سے بڑا تھا میں نے ان میں سے چھوٹے کو مسواک دے دی، مگر مجھ سے کہا گیا کہ بڑے کو دو چنانچہ میں نے ان میں سے بڑے کو مسواک دے دی“

[صحیح] [امام بخاری نے اسے صیغۂ جزم کے ساتھ تعلیقاً روایت کیا ہے - اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ مسواک کر رہے ہیں اسی دوران آپ ﷺ کے پاس دو آدمی آئے؛ جن میں سے ایک دوسرے سے بڑا تھا آپ ﷺ نے مسواک ان میں سےچھوٹے کو دینا چاہا، لیکن آپ ﷺ کو کہا گیا کہ دینے میں بڑے کو مقدم رکھیے چنانچہ آپ ﷺ نے وہ ان میں سے بڑے کو دے دی

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3131